New York City میں تارکین وطن کے لیے

# صحت بیمہ اور نگہداشت صحت کی خدمات

کے لیے رہنما



تصویر ایک ماڈل کی ہے جو صرف عکس بندی کے مقاصد کے لیے استعمال کی گئی ہے۔

Human Resources Administration
Department of Social Services

# خوش آمدید

New York City دنیا کے تمام گوشے سے تعلق رکھنے مرتعش تارک وطن برادریوں کامسکن ہے۔ ہم سبھی کو –چاہے طویل مدتی باشندے ہوں یا سٹی میں نئے ہوں–ہماری برادریوں کو صحتمند اور توانا رکھنے کے لیے نگہداشت صحت تک رسائی کی ضرورت ہے۔ ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، باشندوں کے لیے ہمارے شہر میں حسب مقدور نگہداشت صحت حاصل کرنے کے بہت سارے طریقے ہیں۔

یہ **NEW YORK CITY میں تارکین وطن کے لیے صحت بیمہ اور نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے رہنما** New York City میں تارکین وطن کے لیے صحت بیمہ کے اختیارات اور نگہداشت صحت کے وسائل تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔ یہ آپ کو صحت بیمہ اور نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کرنے کے طریقے بتاتا ہے۔ حتی کہ اگر آپ کے پاس صحت بیمہ نہ ہو اور نگہداشت کی ضرورت ہو تو بھی آپ اسے NYC میں حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کی ترک وطنی کی حیثیت کے لحاظ سے کئی ایک کوریج اور نگہداشت کے اختیارات دستیاب ہیں۔

نیو یارک کے سبھی باشندے اپنی ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے اہل اور ان کے مستحق ہیں۔

## صحت بیمہ کی کلیدی اصطلاحات

نیو یارک کے کسی بھی تارک وطن باشندے کے لیے ہیلتھ کوریج حاصل کرنا الجھن آمیز ہو سکتا ہے۔

اس رہنما میں بیان کردہ کوریج کے متعدد اختیارات کے بارے میں جاننے سے پہلے، یہ چند کلیدی اصطلاحات ہیں جو آپ کو جان لینا چاہیے تاکہ آپ اور آپ کے اہل خانہ کی نگہداشت صحت کی ضروریات سے بہترین مناسبت رکھنے والا اختیار منتخب کرنے میں آپ کو مدد ملے۔

نگہداشت صحت – ڈاکٹروں اور دیگر طبی پیشہ ور افراد کے ذریعہ بیماری کا انسداد یا علاج۔

صحت بیمہ – نگہداشت صحت کے لیے ادائیگی کرنے کا ایک طریقہ۔ جب آپ ڈاکٹر کو دکھانے جاتے ہیں تو یہ آپ کو طبی خدمات کی پوری لاگتیں ادا کرنے سے بچاتا ہے۔

عوامی صحت بیمہ – وفاقی پروگراموں جیسے Medicaid اور Medicare نیز ریاستی صحت بیمہ پروگرام جیسے Child Health Plus اور Essential Plan کے ذریعہ ان لوگوں کے لیے فراہم کردہ صحت بیمہ کے منصوبے جو پروگرام کے اہلیتی تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔

نجی صحت بیمہ – کسی آجر یا یونین کے ذریعہ فراہم کردہ یا کسی بیمہ کمپنی سے براہ راست کسی فرد کے خریدے ہوئے صحت بیمہ کے منصوبے۔

NY State of Health Marketplace – ریاست کا باضابطہ صحت بیمہ بازار، nystateofhealth.ny.gov ملاحظہ کریں۔ آپ نجی صحت بیمہ کے اختیارات کا موازنہ کر سکتے اور آپ کے ہیلتھ کوریج کی لاگت کم کر سکنے والی مالی امداد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ صحت بیمہ کے کوریج جیسے Medicaid, Child Health یا Essential Plan کے لیے بھی اہل قرار پا سکتے ہیں۔

بذات خود معاونین (نیویگیٹرز، درخواست کے لیے مستند مشیران، منڈی سے سہولت یافتہ مصدقہ اندراج کنندگان) – وہ افراد جو افراد اور چھوٹے کاروبار کو مفت مدد فراہم کرنے کے لیے معاشرتی تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ New York State of Health Marketplace کے ذریعہ صحت بیمہ کا کوریج منتخب کرنے اور اس کے لیے سائن اپ کرنے میں ان کی اعانت کی جائے۔

# صحت بیمہ اور آپ کی ترک وطنی

**یاد رکھیں، از روئے قانون New York City کے سبھی باشندوں کو حق حاصل ہے:**

صحت بیمہ کی خدمت کی مساوی علاج کا چاہے آپ کا تعلق جہاں سے بھی ہو یا آپ جو بھی زبان بولتے ہوں۔

اگر آپ کو طبی ہنگامی حالت درپیش ہو تو ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر، ہسپتال میں علاج کا۔

مفت لسانی اعانت کا، اگر آپ کو اس کی ضرورت ہو۔ سبھی صحت اور سماجی نگہداشت فراہم کنندگان کو آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی کا انتظام کرنا ضروری ہے۔

شہر کی خدمات اور عوامی و نجی صحت بیمہ تک رازدارانہ رسائی کا۔ آپ کی ترک وطنی کی حیثیت نجی رکھی جائے گی۔ صحت بیمہ کے لیے آپ کے درخواست دیتے وقت، آپ کی ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں معلومات ترک وطنی کے نفاذ کے لیے نہیں بلکہ صرف فوائد کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے واسطے استعمال کی جائے گی۔ آپ کی ترک وطنی کی حیثیت کی اطلاع US Immigration and Customs Enforcement (ICE) یا US Citizenship and Immigration Services (USCIS) کو نہیں دی جاتی ہے۔

# فہرست مشمولات


جامع صحت بیمہ کوریج 1 - 2
کئی طرح کی صحت خدمات، جیسے ڈاکٹر سے ملاقاتوں، ہسپتال میں نگہداشت اور نسخے والی دواؤں کا احاطہ کرتا ہے

محدود صحت بیمہ کوریج 3
محدود صحت خدمات جیسے خاندانی منصوبہ بندی یا ہنگامی نگہداشت کا احاطہ کرتا ہے

مفت یا کمتر قیمت پر نگہداشت صحت کی خدمات 4
حسب مقدور صحت خدمات حاصل کرنے کے طریقے، چاہے آپ کے پاس بیمہ نہ بھی ہو

فارمیسی میں اعانت اور نگہداشت کی دیگر خدمات 5
ایسے پروگرام جو فارمیسی میں آپ کے جانے پر مالی اعانت اور مراعات فراہم کرتے ہیں

صحت بیمہ کے لیے کہاں درخواست دیں اور کم قیمت پر نگہداشت صحت کہاں سے حاصل کریں 6
صحت بیمہ کے لیے کہاں درخواست دیں

صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط 7 - 8
صحت بیمہ کی اہلیت سے تعلق رکھنے والے ترک وطنی کے زمرے منتخب کریں


ہمیں امید ہے کہ اس رہنما سے آپ کو درکار کوریج اور نگہداشت اس وقت حاصل کرنے میں آپ کو مدد ملے گی جب آپ کو اس کی ضرورت ہوگی۔

# جامع صحت بیمہ کوریج

| پروگرام | فوائد | تقاضے | اہل تارکین وطن* | اسے کہاں حاصل کریں |
|---|---|---|---|---|
| MEDICAID | کم آمدنی والے بالغان اور بچوں کے لیے مفت صحت بیمہ؛ درخواست سے قبل 3 مہینے تک موصولہ نگہداشت کے لیے طبی بلوں کی بھی ادائیگی کر سکتے ہیں | • NYS کا باشندہ<br>• کمتر آمدنی | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن (5 سال کی پابندی نہ ہو)<br>• PRUCOL، بشمول DACA<br>• سبھی حاملہ خواتین، بشمول غیر دستاویز بند خواتین<br>• بعض عارضی باشندے (جیسے درست ویزا والا طالب علم) | زیادہ تر کے لیے:<br>NY State of Health<br><br>آن لائن:<br>nystateofhealth.ny.gov<br><br>فون: 1-855-355-5777<br><br>بذات خود:<br>311 پر کال کریں اپنی برادری میں کسی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ("نیویگیٹر" یا "اندراج کنندہ" کے بارے میں پوچھیں)<br><br>کچھ افراد:<br>NYC Human Resources Medicaid کے دفاتر (اگر عمر 65 سال اور زائد عمر ہو، یا معذوری کے ساتھ زندگی گزارنے والا فرد)<br><br>آن لائن:<br>nyc.gov/html/hra/html/services/medicaid_offices.shtml<br><br>فون: 1-718-557-1399 |
| MEDICAID BUY-IN FOR WORKING PEOPLE WITH DISABILITIES | مفت صحت بیمہ | • NYS کا باشندہ<br>• اوسط تا کمتر آمدنی<br>• عمر: 16-64<br>• مصروف کار<br>• معذور ہوں | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن (5 سال کی پابندی نہ ہو)<br>• PRUCOL، بشمول DACA | NYC Human Resources Administration Medicaid کے دفاتر<br><br>آن لائن:<br>nyc.gov/html/hra/html/services/medicaid_offices.shtml<br><br>فون: 1-718-557-1399 |
| CHILD HEALTH PLUS (CHP) | بچوں کے لیے مفت یا کمتر قیمت پر صحت بیمہ | • NYS کا باشندہ<br>• آمدنی کے کوئی تقاضے نہیں ہیں<br>- کمتر آمدنی والے خاندان کچھ بھی ادا نہیں کرتے ہیں<br>- اوسط آمدنی والے خاندان تھوڑا سا ادا کرتے ہیں<br>- زیادہ آمدنی والے خاندان پوری قیمت ادا کر سکتے ہیں | • 19 سال سے کم عمر کے سبھی بچے، بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | NY State of Health<br><br>آن لائن:<br>nystateofhealth.ny.gov<br><br>فون: 1-855-355-5777<br><br>بذات خود:<br>311 پر کال کریں اپنی برادری میں کسی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ("نیویگیٹر" یا "اندراج کنندہ" کے بارے میں پوچھیں) |

*"صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط" کے لیے صفحات 7-8 سے رجوع کریں۔

# جامع صحت بیمہ کوریج

| پروگرام | فوائد | تقاضے | اہل تارکین وطن* | اسے کہاں حاصل کریں |
|---|---|---|---|---|
| ESSENTIAL PLAN | کم آمدنی والے بالغان کے لیے مفت یا کم قیمت پر صحت بیمہ | • عمر: بالغان 19-64<br>• NYS کا باشندہ<br>• کمتر آمدنی (ایسے افراد جو Medicaid کی حد سے زیادہ کماتے ہوں) | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن (5 سال کی پابندی نہ ہو)<br>• زیادہ تر PRUCOL (DACA نہیں)<br>• بعض عارضی باشندے (جیسے درست ویزا والا طالب علم) | NY State of Health<br><br>آن لائن:<br>nystateofhealth.ny.gov<br><br>فون: 1-855-355-5777<br><br>بذات خود:<br>311 پر کال کریں اپنی برادری میں کسی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ("نیویگیٹر" یا "اندراج کنندہ" کے بارے میں پوچھیں) |
| نجی صحت بیمہ NY STATE) OF HEALTH (MARKETPLACE | صحت بیمہ کے منصوبوں کا انتخاب؛ مالی مدد دستیاب ہے | • NYS کا باشندہ<br>• مالی مدد کے لیے:<br>- اوسط آمدنی تا کم آمدنی<br>- Medicare یا Medicaid کے لیے اہل نہیں ہیں<br>- ملازمت پر مبنی کوریج نہیں ہے<br>- آمدنی کی حد | • قانونی طور پر موجود تارکین وطن، جس میں بیشتر اہل قرار یافتہ تارکین وطن اور بیشتر PRUCOL شامل ہیں ہیں (DACA نہیں) | NY State of Health<br><br>آن لائن:<br>nystateofhealth.ny.gov<br><br>فون: 1-855-355-5777<br><br>بذات خود:<br>311 پر کال کریں اپنی برادری میں کسی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ("نیویگیٹر" یا "اندراج کنندہ" کے بارے میں پوچھیں) |
| پوری لاگت پر نجی صحت بیمہ (NY STATE OF HEALTH MARKETPLACE سے باہر) | پوری قیمت پر براہ راست بیمہ کمپنی سے خریدا ہوا صحت بیمہ | کوئی نہیں | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | براہ راست بیمہ کمپنی سے |
| MEDICARE | 65 سال یا اس سے زائد عمر کے یا معذور یا آخری مرحلے کے گردے کے مرض میں مبتلا افراد کے لیے صحت بیمہ | • ایسے باشندے اور ان کے شریک حیات جنہوں نے US میں 10 سال یا زائد عرصہ کام کیا ہو<br>• عمر:<br>- 65 سال یا زائد<br>- کوئی بھی عمر اگر معذور یا آخری مرحلے کے گردے کے مرض میں مبتلا ہوں | • اہل قرار یافتہ تار کین وطن | Social Security Administration (SSA) کے دفاتر<br><br>آن لائن: ssa.gov ssa.gov/medicare/ apply.html<br><br>فون: 1-800-772-1213<br><br>بذات خود:<br>اپنے مقامی Social Security کے دفتر میں جائیں۔<br><br>مدد حاصل کریں:<br>311 پر کال کریں صحت بیمہ کی معلومات سے متعلق مشاورت اور اعانت Health Insurance Information) (Counseling and Assistance, HIICAP پروگرام کے مشیر سے مدد حاصل کرنے کے لیے |

*"صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط" کے لیے صفحات 7-8 سے رجوع کریں۔

# محدود صحت بیمہ کوریج

| پروگرام | فوائد | تقاضے | اہل تارکین وطن* | اسے کہاں حاصل کریں |
|---|---|---|---|---|
| ہنگامی طبی کیفیت کا علاج کرنے کے لیے MEDICAID (ہنگامی MEDICAID کے بطور بھی جانا جاتا ہے) | اہل غیر دستاویز بند اور عارضی تارک وطن نیو یارک کے باشندوں کو ہنگامی صورتحال درپیش ہونے پر طبی لاگتوں کی ادائیگی میں ان کی مدد کرتا ہے<br><br>نوٹ: اگر آپ کو طبی ہنگامی حالت درپیش ہو تو ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر، سبھی ہسپتالوں کو آپ کا علاج کرنا ضروری ہے | • NYS کی رہائش (عارضی قانونی باشندوں کو ریاستی رہائشی تقاضہ پورا کرنا ضروری نہیں ہے)<br>• کم آمدنی | • غیر دستاویز بند اور عارضی تارکین وطن NYS کی سکونت کے بغیر (جیسے سیاح)۔<br><br>نوٹ: غیر دستاویز بند حاملہ خواتین Medicaid کے لیے اہل ہو سکتی ہیں اور سبھی غیر دستاویز بند بچے Child Health Plus کے لیے اہل ہیں صفحہ 1 دیکھیں | بیشتر افراد:<br>NY State of Health<br><br>آن لائن:<br>nystateofhealth.ny.gov<br><br>فون: 1-855-355-5777<br><br>بذات خود: 311 پر کال کریں اپنی برادری میں کسی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ("نیویگیٹر" یا "اندراج کنندہ" کے بارے میں پوچھیں)<br><br>کچھ افراد:<br>NYC Human Resources Medicaid کے دفاتر (اگر عمر 65 سال اور زائد ہو، یا اگر معذور فرد ہو)<br><br>آن لائن:<br>nyc.gov/html/hra/html/services/medicaid_offices.shtml<br><br>فون: 1-718-557-1399 |
| FAMILY PLANNING BENEFIT PROGRAM (FPBP) | بلامعاوضہ اور رازدارانہ تولیدی ذریعے صحت کی خدمات فراہم کرتا | • NYS کا باشندہ<br>• اوسط یا کمتر آمدنی<br>• Medicaid نہیں ہے<br>• Child Health Plus یا نجی بیمہ رکھ سکتے ہیں | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن<br>• PRUCOL، بشمول DACA | منظور شدہ FPBP فراہم کنندہ<br><br>آن لائن: nyc.gov/famplan<br><br>فون: 1-800-541-2831 |
| FAMILY PLANNING EXTENSION PROGRAM (FPEP) | ضبط تولید اور استقرار حمل کے بعد تولیدی صحت کی خدمات کے لیے ادائیگی کرتا ہے | • NYS کا باشندہ<br>• کوئی دوسرا بیمہ نہیں ہے | • غیر دستاویز بند تارکین وطن | اگر Medicaid میں پہلے سے اندراج یافتہ ہوں تو استقرار حمل کے بعد خود کار اندراج ختم ہو جاتا ہے |
| MEDICARE SAVINGS PROGRAM | Medicare کے پریمیمز، ضمنی بیمہ اور قابل کٹوتی رقوم کی ادائیگی کرنے میں مدد کرتا ہے | • NYS کا باشندہ<br>• کم آمدنی<br>• Medicare رکھتے ہیں | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن، (5 سال کی پابندی نہ ہو)<br>• PRUCOL بشمول DACA | NYC Human Resources Administration Medicaid کے دفاتر<br><br>آن لائن: http://www1.nyc.gov/site/hra/locations/medicaid-locations.page<br><br>فون: 1-718-557-1399 |

*"صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط" کے لیے صفحات 7-8 سے رجوع کریں۔

# مفت یا کمتر قیمت پر صحت بیمہ کی خدمات

| پروگرام | فوائد | تقاضے | اہل تارکین وطن* | اسے کہاں حاصل کریں |
|---|---|---|---|---|
| HHC OPTIONS | NYC Health + Hospitals کی سہولیات میں فراہم کردہ سبھی خدمات کے لیے کم لاگتیں، جن میں ہسپتال میں قیام، ہنگامی اور کلینک میں ہونے والی ملاقاتیں شامل ہو سکتی ہیں | • کوئی دوسرا بیمہ نہیں ہے<br>• اوسط یا کمتر آمدنی (آمدنی اور خاندان کے سائز کی بنیاد پر تدریجی پیمانے کی فیس) | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | NYC Health Hospitals کی سہولت میں<br><br>اپنے قریب میں ایک سہولت تلاش کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: nychhc.org/hhc |
| وفاقی لحاظ سے اہل قرار یافتہ صحت مراکز (FEDERALLY QUALIFIED HEALTH CENTERS, FQHC)/ کمیونٹی کلینکس | صحت مراکز پر فراہم کردہ سبھی خدمات کے لیے کمتر لاگتیں، جس میں بنیادی نگہداشت، بینائی، دانت اور ذہنی صحت کی خدمات شامل ہو سکتی ہیں | • کوئی دوسرا بیمہ نہیں ہے<br>• اوسط یا کمتر آمدنی (آمدنی اور خاندان کے سائز کی بنیاد پر تدریجی پیمانے کی فیس) | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | صحت مراکز پر، نگہداشت حاصل کرنے کے بعد<br><br>اپنے قریب میں صحت مرکز تلاش کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: chcanys.org |
| NYC HEALTH DEPARTMENT CLINICS | کم قیمت پر مامونیتی ٹیکے، STD کی جانچ اور TB کی جانچ فراہم کرتا ہے | کوئی نہیں | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | NYC Health Department کلینکس میں<br><br>اپنے قریب میں ایک NYC Health Department کلینک تلاش کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: nyc.gov/health یا 311 پر کال کریں |
| ہسپتال میں مالی اعانت/رفاہی نگہداشت | نیو یارک میں سبھی ہسپتالوں میں ہسپتال میں قیام، ہنگامی اور کلینک میں ہونے والی ملاقاتوں کے لیے کمتر لاگتیں | • NYS کا باشندہ<br>• کوئی دوسرا بیمہ نہیں ہے<br>• اوسط یا کمتر آمدنی (آمدنی کی بنیاد پر تدریجی پیمانے کی فیس) | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | ہسپتال میں، نگہداشت موصول ہونے کے بعد |
| AIDS DRUG ASSISTANCE PROGRAM (ADAP) | HIV/AIDS میں مبتلا افراد کے لیے دواؤں، بنیادی نگہداشت اور گھر پر نگہداشت کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد کرتا ہے۔ نجی صحت بیمہ کے پریمیز اور ضمنی ادائیگیوں کو ادا کرنے میں بھی مدد کرتا ہے | • NYS کا باشندہ<br>• کلینک کی رو سے علامتی HIV یا AIDS کی تشخیص<br>• اوسط آمدنی تا کم آمدنی<br>• Medicaid نہیں ہے | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | NYS Department of Health<br><br>مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں health.ny.gov/diseases/aids/general/resources/adap/eligibility.htm یا 1-800-542-2437 پر کال کریں |

*"صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط" کے لیے صفحات 7-8 سے رجوع کریں۔

## فارمیسی میں اعانت اور نگہداشت کی دیگر خدمات

| پروگرام | فوائد | تقاضے | اہل تارکین وطن* | اسے کہاں حاصل کریں |
|---|---|---|---|---|
| ELDERLY PHARMACEUTICAL INSURANCE COVERAGE (EPIC) | Medicare Part D کے منصوبہ (Medicare کا نسخہ والی دواؤں کا کوریج) میں شامل افراد کے لیے دواؤں اور پریمیمز کے لیے ادائیگی کرنے میں مالی مدد | • NYS کا باشندہ<br>• اگر شادی شدہ ہوں تو $100,000 تک اور اگر تنہا ہوں تو $75,000 سالانہ آمدنی | • اہل قرار یافتہ تارکین وطن | NYS Department of Health<br><br>آن لائن: health.ny.gov/health_care/epic<br><br>فون: 1-800-332-3742 |
| BIGAPPLERX | بیمہ کے ذریعہ محیط نہ ہونے والی دواؤں کے لیے کمتر لاگتیں | کوئی نہیں | • سبھی تارکین وطن بشمول غیر دستاویز بند تارکین وطن | BigAppleRX.com<br><br>فون: 1-888-454-5602<br><br>آپ اپنے IDNYC کارڈ کے ساتھ BigAppleRX کی چھوٹ پا سکتے ہیں۔ www.nyc.gov/idnyc پر مزید جانیں اور ایک اپائنٹمنٹ طے کریں |

اپنی ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، ایسے سبھی تارکین وطن جن کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے، پوری قیمت پر نگہداشت صحت کی خدمات خرید اور حاصل کر سکتے ہیں۔ نگہداشت صحت کی خدمات نجی کلینکس اور ڈاکٹروں کے دفاتر میں دستیاب ہیں اور اس میں بنیادی اور تخصیصی نگہداشت، بینائی، دانت، فوری نگہداشت، ذہنی صحت اور رویہ جاتی صحت کی خدمات شامل ہیں۔

لاگتیں فراہم کنندہ کے ذریعہ طے کی گئی ہیں اور خدمات کی فراہمی کا انحصار ادائیگی کرنے کی کسی شخص کی اہلیت پر ہے اور آپ کے علاقے میں کسی بھی کلینک یا ڈاکٹر کے دفتر میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

*"صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط" کے لیے صفحات 7-8 سے رجوع کریں۔



تصویر ایک ماڈل کی ہے جو صرف عکس بندی کے مقاصد کے لیے استعمال کی گئی ہے۔

## تحفظ حاصل کریں

- مفت یا کم قیمت پر صحت بیمہ کے اختیارات **NY State of Health Marketplace** بشمول Medicaid, Child Health Plus, Essential Plan اور نجی بیمہ کے ذریعہ اہل قرار پانے والوں کے لیے مالی مدد کے ساتھ دستیاب ہیں۔ آن لائن **nystateofhealth.ny.gov** پر، فون پر **1-855-355-5777** پر، یا بذات خود **311** پر کال کرکے اپنے قریب میں ایک بذات خود اندراج کنندہ کا پتہ کریں۔
- NYC HRA MEDICAID کوریج Medicaid کے دفاتر میں ان افراد کے لیے جن کی عمر 65 سال اور زائد ہے، سابق رضاعی نوجوان، یا معذوری یا بصارتی نقص کے ساتھ زندگی گزار رہے فرد کے لیے دستیاب ہے۔ بذات خود اندراج میں اعانت عمر رسیدہ، نابینا اور معذور کے لیے سہولت یافتہ اندراج (Facilitated Enrollment for Aged, Blind and Disabled) پروگرام کے ذریعہ ان لوگوں کے لیے جن کی عمر 65 سال اور زائد ہے، یا معذوری یا بصارتی نقص کے ساتھ زندگی گزار رہے فرد کے لیے دستیاب ہے۔ شرکت کنندہ مقامات کی ایک پوری فہرست کے لیے، **1-347-396-4705** پر کال کریں یا **nyc.gov/hilink** ملاحظہ کریں۔
- MEDICARE آن لائن **ssa.gov/medicare/apply.html** پر یا مقامی Social Security کے دفتر میں دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے **1-800-772-1213** پر کال کریں (TTY صارفین **1-800-325-0778** پر کال کریں)۔
- NYS DEPARTMENT OF HEALTH کے پروگرام **health.ny.gov/health_care/** پر آن لائن دستیاب ہیں۔

## کم قیمت پر نگہداشت حاصل کریں

- NYC HEALTH + HOSPITALS کی سہولیات آپ کے قریب میں: (پروگرام HHC Options) **nychhc.org/hhc**۔
- وفاقی سطح پر اہل قرار یافتہ صحت مراکز آپ کے قریب میں: **chcanys.org**۔
- NYC HEALTH DEPARTMENT CLINICS آپ کے قریب میں: **nyc.gov/health** یا **311 پر کال کریں۔**

## صحت بیمہ کے لیے ترک وطنی کی شرائط:

درج ذیل اصطلاحات ترک وطنی کے ان زمروں کا نمونہ ہیں جو یہ طے کرتے ہیں کہ افراد کون سے صحت بیمہ اور کم قیمت نگہداشت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

براہ کرم اپنے تمام تر کوریج اور نگہداشت کے اختیارات کے بارے میں جاننے کے لیے کسی تربیت یافتہ اندراج کنندہ سے بات کریں۔

قانونی طور پر موجود: ان تارکین وطن کو بتانے کے لیے ایک اصطلاح جن کے پاس ایک درست غیر تارک وطن کی حیثیت ہے اور جو NY State of Health کے ذریعہ کوریج خریدنے کے اہل ہیں۔

- (جیسے، طلبہ یا غیر ملکی کارکنان)
- ترک وطنی کی سبھی حیثیتیں ذیل میں جامنی رنگ میں ہیں

اہل قرار یافتہ تارک وطن: اس شخص کو نامزد کرنے کے لیے ایک اصطلاح جو مستقل رہائشی پردیسی کے لیے عوامی فوائد حاصل کرنے کا اہل ہے۔

- قانونی طور پر مستقل باشندہ – گرین کارڈ حامل، مستقل رہائشی پردیسی
- قانونی طور پر رہائش پذیر فعال ڈیوٹی سروس کا ممبر اور اہل خانہ
- ریفیوجی اور پناہ گزیں
- وہ تارکین وطن جن کی ملک بدری یا اخراج موقوف کی جا رہی ہے
- کیوبائی یا ہیتی کے باشندے
- امریاسیئنز
- بردہ فروشی کے ذریعہ لایا گیا تارک وطن (T ویزا)
- وہ تارک وطن جس کو امریکہ میں 1 سال سے زیادہ کے لیے پیرول پر رہا کیا گیا ہو
- اذیت یافتہ تارک وطن کے شریک حیات اور امریکی شہریوں کے بچے/قانونی مستقل باشندے

**PRUCOL – PERMANENTLY RESIDING UNDER COLOR OF LAW**: United States Citizenship and Immigration Services سے متعلق ایجنسی یہ تعین نہیں کرتی ہے کہ آیا کوئی پردیسی PRUCOL ہے اور وہ PRUCOL کی حیثیت عطا نہیں کرتی ہے۔ PRUCOL ایک عوامی فوائد کی اہلیتی حیثیت ہے جو Medicaid کی اہلیت کا تعین کرنے کے کے مقصد سے بعض تارکین وطن پر لاگو ہوتی ہے۔ جس شخص کو PRUCOL مانا جاتا ہےاسے Medicaid کی آمدنی اور دیگر اہلیتی تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔

- U, K3 / K4, V اور S ویزا حاملین
- منظور شدہ ویزا اور حیثیت کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواست دہندگان
- CAT کے تحت اخراج کی موقوفی منظور کردہ
- 1 سال سے کم کے لیے پیرول پر رہا شدہ
- عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (Temporary Protected Status, TPS)
- مؤخر شدہ کارروائی (غیر DACA)
- نگرانی کا فرمان
- مؤخر شدہ جبری روانگی
- ملک بدری یا اخراج کے منظور کردہ اسٹے
- عارضی باشندہ کا INA 210 / 245A
- کنبہ جاتی اتحاد کا استفادہ کنندہ
- خصوصی تارک وطن نابالغ کی حیثیت کے لیے درخواست دہندگان
- INA یا CAT کے تحت پناہ / موقوفی کے لیے درخواست دہندگان
- عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (TPS) کے لیے درخواست دہندگان
- 249 کے تحت داخلے کے ریکارڈ کے لیے درخواست دہندگان (رجسٹری پردیسی)
- LIFE ایکٹ کے تحت ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواست دہندگان
- SAW کے موسمی اور زرعی کارکنان (SAW-Seasonal and Agricultural Workers) اور IRCA کے ترک وطنی میں اصلاح اور کنٹرول ایکٹ (IRCA-Immigration Reform and Control Act) کے تحت قانونی جواز والے پروگراموں کے لیے درخواست دہندگان

PRUCOL جنہیں قانونی طور پر موجود نہیں خیال کیا جاتا ہے: وہ تارکین وطن جنہیں اپنی ترک وطنی کے مرتبے کے سبب کوریج تک محدود رسائی حاصل ہوتی ہے۔

- غیر شہری جو 1/1/1972 کے بعد سے یا اس سے پہلے سے مسلسل رہائش ثابت کر سکتے ہیں (رجسٹری پردیسی)
- قریبی رشتہ دار مع منظور شدہ I-130 (پردیسی کے رشتہ داروں کے لیے عرضی)
- DACA بچپن میں ہونے والی آمد کے لیے مؤخر شدہ کارروائی (DACA-Deferred Action for Childhood Arrivals)
- مؤخر شدہ کارروآئی کے لیے درخواست (غیر DACA کیسز) جو 6 ماہ یا زیادہ سے زیر التوا ہو اور مسترد نہیں کی گئی ہو
- DAPA-امریکی شہریوں اور مستقل باشندوں کے والدین کے لیے مؤخر شدہ کارروائی (DAPA-Deferred Action for Parents of US Citizens and Permanent Residents)

غیر دستاویز بند: وہ افراد جن کے پاس قانونی طور پر ریاستہائے متحدہ میں داخل ہونے، رہنے یا کام کرنے کے لیے درکار باضابطہ دستاویزات نہ ہوں۔

- بلا معائنہ ملک میں داخل شدہ (Entered the country without inspection, EWIS)
- ویزا کی مدت سے زیادہ قیام

*اعلان دستبرداری: اس بروشر میں شامل معلومات صرف عمومی اطلاعاتی مقاصد کے لیے ہے۔ پروگرام کی دستیابی اور اہلیت تبدیل ہو سکتی ہے اور اضافی اصول اور تقاضے لاگو ہو سکتے ہیں۔ اپنے مخصوص حالات کے بارے میں یا یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ اہل قرار پاتے ہیں کسی بیمہ دہندہ یا قانونی پیشہ ور فرد یا پروگرام کے کفیل سے رجوع کریں۔*

*Empire Justice Center (empirejustice.org) کا بہت بہت شکریہ جس نے ہمیں اپنے ہیلتھ کوریج کراس واک Health Coverage Crosswalk (http://www.empirejustice.org/assets/pdf/publications/reports/health-coverage-crosswalk.pdf)، ایک جامع وسیلہ جو ترک وطنی کی اہلیت سے متعلق پیچیدہ اصولوں کو حل کرتا ہے، سے ماخوذ معلومات کو شامل کرنے کی اجازت دی۔*

**Bill de Blasio**
Mayor

**Human Resources Administration**
Department of Social Services

**Steven Banks**
Commissioner

NYCHRA | @NYCHRA

BRC-979(U)
Rev. 05/17

© Copyright 2017. The City of New York, Human Resources Administration/Department of Social Services.
اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔